# StaySafeSheff

# وینٹی لیشن اور ایئر کنڈشننگ

آپ کے خطرہ کی تشخیص کے جزو کے طور پر قانون کے مطابق تمام آجروں کے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ آپ کے کاروباری ادارہ کی سبھی بند جگھوں میں تازہ ہوا کی اچھی مقدار سپلائی ہو۔ بشمول تازہ ہوا (ساتھ میں دیگر تخفیفات جیسے ہاتھ، چہرہ اور جگہ) جیسے ہی آپ دوبارہ کھولتے ہیں، منتقلی کے خطرات میں کمی آجاتی ہے اور کام کی جگہ/کاروبار کو کووڈ سے محفوظ بنانے میں مدد کرتی ہے۔

## ضروری چیک لسٹ

☑ **سمجھیں کہ تازہ ہوا/ہواداری اتنی اہم کیوں ہے۔** اندرونی جگھوں میں تازہ ہوا آنے سے وائرس کے اجزاء پر مشتمل ہوا کو ہٹانے اور رقیق کرنے میں مدد ملتی ہے اور کورونا وائرس (کووڈ-19) کے پھیلاؤ کو روکا جا سکتا ہے۔ جب وائرس سے متاثرہ کوئی شخص سانس لیتا ہے، بات چیت کرتا ہے، کھانستا ہے یا چھینکتا ہے تو وہ وائرس کے ذرات خارج کرتا ہے - چھوٹی چھوٹی بوندیں ہوا میں معلق رہ سکتی ہیں۔ اگر وائرس کے یہ ذرات سانس کے ذریعہ کسی شخص کے اندر چلے گئے تو وہ متاثر ہوسکتا ہے۔

☑ **قدرتی ہوا داری کا خیال رکھیں۔** تازہ ہوا کو دروازوں، کھڑکیوں سے گزرنے دیں اور ہوا کی ان چمنیوں کو صاف کریں جن کو جزوی طور پر یا پوری طرح کھولا جا سکتا ہو۔ یہاں تک کہ ہر گھنٹہ 10 منٹ کے لیے دروازہ کھولنے سے بھی اثر پڑے گا۔

☑ **میکانیکی ہوا داری پر دھیان دیں۔** باہر سے تازہ ہوا اندر لانے کے لیے پنکھوں اور ڈکٹس کا استعمال کریں۔ کیا میکانیکی ہوا داری کو زیادہ سے زیادہ کی سطحوں تک مقرر کیا گیا ہے اور اچھی طرح سے اس کی دیکھ بھال کی جاتی ہے؟ فی گھنٹہ ہوا کی 6 تبدیلیاں (6ACH) اچھا معیار ہے۔

☑ **اپنے کام کی جگہ/کاروباری اداروں کے اندر کی تمام جگھوں پر غور کریں۔** تمام اندرونی جگھوں بشمول اسٹاف روم یا طہارت خانوں پر غور کریں۔

☑ **کسی جگہ کو ایک بار میں کتنے لوگ استعمال کرتے ہیں؟ اور کتنی دیر کے لیے؟** اگر کوئی جگہ اچھی طرح ہوا دار نہ ہو اور ایک سے زیادہ افراد رہتے ہوں تو خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ جتنا زیادہ وقت کسی جگہ میں گزارتے ہیں اتنا ہی زیادہ خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ آپ کو اپنے کام والی تمام جگھوں میں لوگوں کی تعداد محدود کرنی چاہئے خاص طور پر چھوٹی / بند جگھوں میں - کسی جگہ میں زیادہ سے زیادہ اجازت شدہ لوگوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے کیوں نہ نشانات کا استعمال کریں؟ لوگوں کو مصروف ترین جگھوں میں کم وقت گزارنے کی ترغیب دیں جیسے کہ اسٹاف روم۔

☑ **ہر ایک جگہ میں کون سے کام / سرگرمیاں انجام دی جاتی ہیں؟** اگر کسی سرگرمی میں گہری سانس لینے کی ضرورت ہو (جسمانی مشقت، تیز آواز نکالنا) تو ان سرگرمیوں کو ہوا دار جگھوں میں انجام دیں، دوسری جگہ منتقل ہو جائیں (جیسے باہر کی طرف) یا اکیلے کام کریں

☑ **کیا آپ کے کام کی جگہ کا کوئی فیچر ہوا داری کو متاثر کرتا ہے؟** بڑی مشینیں یا ساز و سامان ہوا کو گردش کرنے سے روک سکتی ہیں - اگر ایسا معاملہ ہے تو ہوا کی روانی میں بہتری لانے پر غور کریں۔

☑ **کم ہوا داری والی جگھوں میں ڈیسک یا چھت والے پنکھوں کا استعمال نہ کریں** – یہ وائرس کے ذرات کو بس گھمائے گا

☑ **کیا آپ کے یہاں ہوا داری کا پیچیدہ نظام ہے؟** یہ معاملہ پرانی عمارتوں، متعدد منزل والی عمارتوں یا ان جگھوں میں ہو سکتا ہے جہاں مصنوعات کی صنعتکاری کے لیے سسٹم تیار کیے گیے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو چارٹرڈ انسٹی ٹیوشن آف بلڈنگ سروسز انجینئرس (CIBSE) کی رہنما ہدایات چیک کریں، یا آپ کو ممکنہ منتقلی کے خطرات میں کمی لانے کے لیے کس طرح کے سسٹم کی ضرورت ہے اس تعلق سے اچھی رائے

Sheffield City Council

حاصل کرنے کے لیے آپ ہوا داری کے انجینئر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
https://www.cibse.org/coronavirus-covid-19/emerging-from-lockdown

☑ **تازہ ہوا اندر آنے کی اہمیت کے بارے میں اپنی ٹیم سے بات کریں** اور انھیں اس کو کرنے کے کچھ عملی طریقے بتائیں۔

مزید معلومات HSE سے دستیاب ہے
**https://www.hse.gov.uk/coronavirus/equipment-and-machinery/air-conditioning-and-ventilation/index.htm**

ضیافت والے کاروباری ادارے BEAMA کی طرف سے جاری اس معلوماتی گرافک کا استعمال کر سکتے ہیں
**https://www.beama.org.uk/resourceLibrary/beama-covid-19-ventilation-guidance-infographic--hospitality-.html**

مفید پوسٹرز اور چیک لسٹس کے لیے ہمارے بزنس رسورسیز کے صفحہ کو ملاحظہ کریں۔
انگریزی اور 9 دیگر زبانوں میں دستیاب ہے
**www.sheffield.gov.uk/coronavirusbusinessresources**

**www.sheffield.gov.uk/coronavirus-business**